نبی ﷺ جمعہ کے دن فجر کی نماز میں الٓم سجدہ اور سورہ دھر پڑھا کرتے تھے

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہوئے بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ جمعہ کے دن فجر کی نماز میں الٓم سجدہ اور سورہ دھر پڑھا کرتے تھے

[صحیح] [متفق علیہ]

نبی ﷺ کی عادت مبارکہ تھی کہ آپ ﷺ جمعہ کے دن نماز فجر میں پہلی رکعت کے اندر سورہ فاتحہ کے بعد مکمل سورہ الٓم سجدہ پڑھتے اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ پڑھنے کے بعد مکمل سورہ انسان (دھر) کی تلاوت فرماتے ایسا آپ ﷺ ان عظیم واقعات کو یاد دلانے کے لیے کرتے، جن کا ذکر ان دونوں سورتوں میں آیا ہے اور جو واقع ہو چکے یا اس دن (یعنی جمعہ کے دن) واقع ہوں گے، جیسے تخلیق آدم، قیامت اور انسانوں کے میدان حشر میں جمع ہونے اور قیامت کے احوال وغیرہ کا ذکر

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/5320